# برائے دہم جماعت نمونہ سوالی پرچہ زبان اول اردو ۲۱۔۲۰۲۰

## SSLC URDU MODEL QUESTION PAPER

مارکس:۱۰۰ | وقفہ: تین گھنٹے | MARKS : 100 | TIME : 3hr

---

I دئے گئے سوالات کے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں صحیح جواب چن کر لکھئے 1X6=6

۱)صورت کے لحاظ سے جملے کی دو قسمیں ہیں

۱)جملہءفعلیہ اور جملہءاسمیہ ۲)جملہءانشائیہ اور جملہءاسمیہ

۳)جملہءمرکب اور جملہءفعلیہ ۴)جملہءمفرد اور جملہءمرکب

۲)عموماً شعراء مجموعہ کلام کی ابتدا اس صنف سے کرتے ہیں

۱)نعت ۲)مناجات ۳)حمد ۴)قصیدہ

۳)جو سزا دی جاسکتی ہے بلا تامل دے دو(اس جملہءانشائیہ میں ظاہر ہونے والا جذبہ ہے

۱)امر ۲)تحسین ۳)تاسف ۴)شرط

۴)وہ جملہ جو کسی واعہ کیفیت یا کسی صورت حال کی حبر دئے وہ یہ کہلاتا ہے

۱)جملہ اسمیہ ۲)جملہ فعلیہ ۳)جملہ خبریہ ۴)جملہ انشائیہ

۵)کسی شعر میں ایک ہی لفظ کو بار بار دہرانہ یہ کہلاتا ہے

۱)صنعت تلمیح ۲)صنعت تضاد ۳)صنعت تکرار ۴)صنعت تشبیہہ

۶)وہ علم جس میں شعر کی اوزان معلوم ہوتے ہیں

۱)علم نجوم ۲)علم عروض ۳)علم کیمیاء ۴)علم فلکیات

II پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کے لئے مناسب جوڑ لگائے 1X4=4

۷)نعت: ماہرالقادری :: حمد :-------------------

۸)صدا : گونج :: سدا:-------------------

۹) فنا : بقا :: قید:-------------------

۱۰)لاجواب: سابقہ :: یتیم خانہ:-----------------

III درج ذیل سوالات کے ایک جملے میں جواب لکھئے 1X7=7

۱۱) حجتہ الوداع کے موقعہ پر مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

۱۲) نمازِ عشق کے نصاب سے کیا مطلب ہے؟

۱۳) احمد نگر جیل میں پنڈت نہرو نے کس کی مدد سے اردو سیکھی؟

۱۴) اخلاق کے موتی کس نے برسائے؟

۱۵) ساحل کے آغوش میں شاعر کو کس لئے سکون میسر نہیں؟

۱۶) خسرو کے پیر و مرشید کا نام کیا تھا؟

۱۷) آنکھیں کس نے داندی تھیں؟

IV درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے 2x10=20

۱۸) ۹ ذی الحجہ کو عازمین حج نے کیا کیا؟

۱۹) آپؐ کے آنے سے قبل دنیاں کا عالم تھا؟

۲۰) نمازِ عشق کے نصاب سے کیا مطلب ہے؟ دم وداع شاعرہ کس سے بخشش کی طلب گار ہے؟

۲۱) نہرو اور جوش کی دوستی کس قسم کی تھی؟

۲۲) بھرت نارائن جی کی روح کیوں مسکرا رہی تھی؟

۲۳) ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے؟

۲۴) موسیقی کی دنیاں میں خسرو کی ایجادات کیا ہیں؟

۲۵) شاد عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہیں؟

۲۶) حضرت زینبؓ کے اضطراب پر امام حسین کا کیا ردِ عمل تھا؟

۲۷) شاعر بچپن کی بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہتا ہے؟

V تین یا چار جملوں میں جواب لکھئے 3x11=33

بحوالہ ء متن وضاحت کیجئے

۲۸) ”اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے“

۲۹) ”اے خدا تو گواہ رہ“

۳۰) ”پھر سارا دیش ہمارے محلّہ جیسا کیوں نہ بنے“

درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے

۳۱) محمد رفیع انصاری

درج ذیل شاعر کا تعارف لکھئے

۳۲) ماہر القادری

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے

۳۳) کیا کیا خضر نے سکندر سے　　اب کسے رہنما کرے کوئی

۳۴) یہ عشق نے دیکھا ہے یہ عقل سے پنہاں ہے　　قطرے میں سمندر ہے ذرے میں بیاباں ہے

۳۵) ہنگامہ زار عشق میں کیا کچھ نہیں ہوا　　پھولوں سے نرم لوگ پتھر میں ڈھل گئے

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھئے

۳۶) درج ذیل اشعار کو دئے گئے مناسب حروف کی مدد سے پر کیجئے (وہ　میں　ہے)

۱) کچھ تجھ کو خبر ـــــ ہم کیا کیا اے شورش دوراں بھول گئے

۲) وہ زلف پریشاں بھول گئے ـــــ دیدۂ گریاں بھول گئے

۳) اے شوق نظارہ کیا کہئے نظروں ـــ کوئی صورت ہی نہیں

۳۷) جملہء اسمیہ کی تعریف لکھئے مثال کے ساتھ

۳۸) صنعت تلمیح کی تعریف لکھئے مثال کے ساتھ　یا　غزل کی تعریف لکھئے

VI درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے　　4x5=20

۳۹) اپنی نصابی کتاب سے حمد کے چار اشعار بر زبانی لکھئے

یا

مرثیہ نظم کے آخری دو بند سے کوئی چار اشعار بر زبانی لکھئے

۴۰) کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے　۱ جگنو　یا　۲) سرحدوں کا جال

۴۱) امیر خسرو کو دو عظیم تہذیبوں کے درمیان ایک پل مانا جاتا ہے کیوں؟

۴۲) حجتہ الوداع کے موقعہ پر دئے گئے خطبہ میں حضورؐ نے حسن معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

یا

جواہر لال نہرو کی اردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں لکھئے

۴۳) درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے

ابوعبداللہ درزی ملک شام میں رہتا تھا بہت سے لوگ ان سے کپڑے سلواتے تھے ان میں ایک مجوسی بھی تھا جو بہت چالاک اور دھوکے باز تھا وہ ہمیشہ سلوائی کروانے کے بعد انکو کھوٹا سکہ دے جاتا تھا اور تعجب کی بات ہے کہ وہ رکھ لیتے تھے ایک دن ایسا ہوا کہ وہ دکان پر نہیں تھے ان کا ملازم تھا وہ مجوسی آیا اور ان سے سلائی کے پیسوں میں کھوٹا سکہ دیا جو کہ ملازم نے پہچان کر واپس کر دیا اس نے دیکھا کہ وہ پکڑا گیا ہے تو اس نے سکہ بدل دیا ابوعبداللہ کے آنے پر ان کے ملازم نے سارا ماجرا سنایا کہ اس کے ہاں مجوسی نے کیا کیا تھا اس کی بات سن کر عبداللہ نے کہا کاش تم وہ سکہ لے لیتے میں کب سے وہ سکے لے لیتا ہوں صرف اس وجہ سے کہ وہ یہ سکہ کسی اور کو دے گا میں وہ سکہ اندھے کنوئیں میں پھینک دیا کرتا تھا تا کہ دھوکہ دہی کا سلسلہ یہاں ہی ختم ہو جائے اور کسی کو نقصان نہ ہو حدیث میں ہے کہ مسلمان اگر مسلمان کا خیر خواہ نہ ہو تو صاحب ایمان نہیں

سوالات

۱) ابوعبداللہ کہاں رہتے تھے اور وہ کیا کام کرتے تھے؟

۲) ابوعبداللہ کھرے کھوٹے کی پہچان رکھنے کے باوجود کھوٹا سکہ کیوں لے لیتے

VII اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل میں سے کوئی ایک خط لکھئے 5x1=5

۴۴) اپنے میر معلم کو خط لکھئے جس میں اپنی بہن کی شادی کی تیاری کیلئے تین دن کی تعطیل کا ذکر کیا گیا ہو

یا

اپنے والد یا والدہ کو خط لکھئے جس میں اپنی سالانہ امتحان کی تیاری کرنے کا ذکر کیا گیا ہو

VIII کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے 5x1=5

۴۵) ۱) تعلیم نسواں

۲) بڑھتی ہوئی مہنگائی

☆☆☆☆☆

Prepared by

معلم: محبوب خان

معلم: مجاہد کوپنلی

معلم: اللہ بخش

معلم: یونس گورنمنٹ اردو ہائی اسکول آئینور

معلم: مکرم